**03.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

.............................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اعلیٰ تعلیمی اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں نئے اقدامات کرے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے Wildlife کے تحفظ اور بندوبست کے لیے روایتی علم اور مصنوعی ذہانت کے بڑے پیمانے پر استعمال کے لیے زور دیا ہے۔

☆ دریائی ڈولفن سے متعلق اب تک کے پہلے جائزہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں چھ ہزار 300 سے زیادہ دریائی ڈولفن ہیں۔

☆ حکومت نے انڈین ریلوے فائنانس کارپوریشن (IRFC) اور انڈین ریلوے کیٹرنگ اینڈ ٹورزم کارپوریشن (IRCTC) کو نورتن کمپنی کا درجہ دیا ہے۔

☆ بھارت اور بلجیم نے بھارت-بحرالکاہل بالخصوص بحری شعبے میں دفاعی شراکت داری کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ نیتی آیوگ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک میں خواتین کے درمیان مالی بیداری میں پچھلے سال کے مقابلے 42 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اور مردوں کے ICC چمپئنز ٹرافی کرکٹ کے پہلے سیمی فائنل میں کل دبئی میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev Prez Award Early**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں نئے اقدامات کریں۔ محترمہ مرمو نے یہ بات آج نئی دلی کے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ دو روزہ ویزیٹرس کانفرنس سے افتتاحی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یہ دو روزہ کانفرنس آج راشٹرپتی بھون میں شروع ہوئی۔

S/B- President Murmu - AI

صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کو علم پر مبنی معیشت کا ایک اہم مرکز بنانے کے ہدف کو حاصل کرنے میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان کا کلیدی رول ہے۔ انہوں نے تعلیم کے ساتھ ساتھ تحقیق پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B - President Research

افتتاحی اجلاس کے دوران صدر جمہوریہ نے اختراع، تحقیق اور ٹکنالوجی کی ترقی کے زمروں میں آٹھواں ویزیٹرس ایوارڈز بھی عطا کیے۔ ×

## PM Gujrat Meeting

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے Wildlife کے انتظام میں بڑے پیمانے پر روایتی علم اور مصنوعی ذہانت کے استعمال پر زور دیا ہے۔ انہوں نے جنگل کی آگ اور Wildlife کے تنازعات کے انتظام کے لیے مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ اور جغرافیائی نقشہ سازی کے استعمال پر بھی زور دیا۔ وزیراعظم Wildlife کے تحفظ کے عالمی دن کے موقعے پر آج گجرات کے جوناگڑھ ضلع میں Sasn Gir میں Wildlife سے متعلق قومی بورڈ کی ساتویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے اظہار خیال کر رہے تھے۔

وزیرِ اعظم نے Wildlife انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا کو بھاسکراچاریا نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اسپیس اپلی کیشنز اینڈ جیو انفارمیٹکس (N-BISAG) کے ساتھ انسان اور جانور کے ٹکڑاؤ کے چیلنج کو حل کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کی تجویز پیش کی۔ وزیرِ اعظم نے، جنگل کی آگ کی نگرانی اور انتظام کو بہتر بنانے کے لیے، خاص طور پر حساس علاقوں میں، بھارت کے فورسٹ سروے اور N-BISAG کے درمیان خلائی ٹیکنالوجی کے ذریعے تعاون کی تجویز پیش کی۔

وزیرِ اعظم نے ڈولفن کے تحفظ کے حوالے سے مقامی آبادی اور گاؤں والوں کی شمولیت کے ذریعے آگاہی کے فروغ دینے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اسکول کے بچوں کے لیے ڈولفن کے رہائشی علاقوں میں باقاعدگی کے ساتھ جانے کی تجویز دی۔ اجلاس کے دوران وزیرِ اعظم نے ملک میں پہلی بار کی گئی دریائی ڈولفن کی گنتی کی رپورٹ جاری کی، جس میں 6 ہزار 327 ڈولفن کی تعداد کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ یہ پیش رفت 8 ریاستوں میں 28 دریاوں کی سروے کے ذریعے حاصل کی گئی ہے، جس میں تین ہزار 150 افرادی گھنٹے صرف ہوئے اور آٹھ ہزار 500 کلومیٹر سے زیادہ رقبے کا احاطہ کیا گیا۔ اتر پردیش نے سب سے زیادہ ڈولفن کی گنتی کی، اس کے بعد بہار، مغربی بنگال اور آسام نے گنتی کی۔ وزیرِ اعظم نے Wildlife کے تحفظ میں ماحولیاتی سیاحت کے کردار پر زور دیا اور Wildlife کی سیاحت کے لیے بہتر سفر اور رابطے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیرِ اعظم مودی نے بھارت میں Wildlife کے تحفظ کی کوششوں کو بہتر بنانے کے لیے کئی اہم فیصلے اور اقدامات کا اعلان کیا۔ ان میں جونگڑھ میں نیشنل ریفرل سنٹر فار وائلڈ لائف کی بنیاد رکھی گئی، اس سال ایشیائی ببر شیر کی آبادی کی 16ویں گنتی شروع کرنے کا اعلان، کوئمبٹور میں انسان اور جنگلی جانوروں کے ٹکڑاؤ کو حل کرنے کے لیے مہارت کے ایک مرکز کا قیام؛ مدھیہ پردیش کے گاندھی ساگر سینکچری اور گجرات کے Banni گراس لینڈز میں چیتے کی آبادی کو بڑھانے کا اعلان؛ گھریال کے لیے ایک نیا منصوبہ اور نیشنل گریٹ انڈین بسٹرڈ کنزرویشن ایکشن پلان شامل ہیں۔×

**PM NaMo App**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ NaMo ایپ اوپن فورم پر متاثر کن زندگی کے سفر کو مشترک کریں۔ جناب مودی نے مطلع کیا کہ NaMo ایپ پر مشترک کیے گئے متاثر کن زندگی کے سفر سے اس مہینے کی آٹھ تاریخ کو خواتین کے دن کے موقع پر وزیراعظم کے ڈیجیٹل سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو سنبھالنے کے لیے چند خواتین کا انتخاب کیا جائے گا۔×

**Rev Shah Goa Criminal Law**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ گوا میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا بنیادی مقصد انصاف کے عمل میں تیزی لانے کو یقینی بنانا ہے۔ جناب شاہ نے آج نئی دلی میں گوا کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت کے ساتھ ریاست میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب شاہ نے تحقیقات اور استغاثہ کے عمل میں مقررہ وقت کی سختی سے پابندی کرنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ تیزی کے ساتھ انصاف کو یقینی بنایا جا سکے۔ ×

**Rajnath CSR**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ملک کی ترقی میں سرکاری اور نجی سیکٹر دونوں کے اہم رول پر زور دیا ہے۔ جناب سنگھ آج نئی دلی میں مسلح افواج کے Flag Day کے موقع پر CSR کانکلیو سے خطاب کر رہے تھے۔ خودکفالت کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اقتصادی آزادی کی جانب بھارت کی پیش رفت مذکورہ دونوں شعبوں کی شراکت داری کے سبب ہوئی ہے۔ انہوں نے دفاعی صنعت میں پرائیویٹ سیکٹر کی شراکت داری پر زور دیا۔ انہوں نے قومی سکیورٹی میں خودکفالت کو حاصل کرنے کے لیے اسے بیحد اہم قرار دیا۔

S/B - Rajnath Singh 2100

**Navratna Status**

حکومت نے انڈین ریلوے کیٹرنگ اینڈ ٹورزم کارپوریشن، IRCTC اور انڈین ریلوے فائنانس کارپوریشن، IRFC کو نورتن کا درجہ دیا ہے۔ IRCTC، ریلوے کی وزارت کے تحت مرکزی عوامی شعبے کا ادارہ ہے جس کا سالانہ ٹرن اوور چار ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔ وہیں IRFC بھی ریلوے کی وزارت کے تحت مرکزی عوامی شعبے کا ادارہ ہے جس کا سالانہ ٹرن اوور 26 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی ریلوے کی وزارت کے سبھی 7 مرکزی عوامی شعبے کی کمپنیوں کو نورتن کا درجہ مل گیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اِسے بڑی حصولیابی قرار دیا اور کہا کہ یہ ریلوے میں بدلاؤ لانے کے تئیں وزیراعظم نریندر مودی کی خصوصی توجہ کی عکاسی کرتا ہے۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnaw

## Delhi Assambly

نوتشکیل شدہ دلّی اسمبلی کا پہلا اجلاس آج اختتام پذیر ہوا۔ 24 فروری کو شروع ہوئے اجلاس کے دوران، کُل پانچ نشستیں ہوئیں۔ اجلاس کے دوران، نومنتخبہ اراکین اسمبلی نے حلف لیا اور مختلف اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دلّی اسمبلی میں آج عوامی صحت، بنیادی ڈھانچے اور صحت خدمات کے بندوبست سے متعلق CAG کی رپورٹ پر دوبارہ تبادلہ خیال شروع ہوا۔ اس سے متعلق رپورٹ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے گذشتہ ہفتے پیش کی تھی۔ رپورٹ پر بحث کے دوران، دلّی کے وزیر صحت پنکج کمار سنگھ نے الزام لگایا کہ CAG رپورٹ، عام آدمی پارٹی کی قیادت والی سابقہ دلّی حکومت کی بدعنوانیوں کو بے نقاب کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سبھی مالی بے ضابطگیوں کی جانچ کی جائے گی اور اس میں شامل ہر ایک کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ BJP کے دیگر اراکین اسمبلی نے بھی اس معاملے میں جانچ کی حمایت کی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ سابقہ عام آدمی پارٹی حکومت کے دوران مریضوں کو جعلی دوائیں دی گئیں۔ محترمہ گپتا نے مزید کہا کہ اب تک علاج معالجے سے متعلق پرانے قانون کے تحت کام کیا جارہا تھا لیکن اب دلّی حکومت اگلے اجلاس میں اس سے متعلق نیا قانون لائے گی۔x

## India Belgium

بھارت اور بلجیم نے آج بھارت بحرالکاہل خطے میں خاص طور پر بحری شعبے میں دفاعی تعلقات کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے بلجیم کی شہزادی ایسٹراڈ اور وزیر دفاع تھیو فرانکن کے ساتھ نئی دہلی میں میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں ممالک نے دفاعی صنعتی تعاون کو بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقعے پر جناب راج ناتھ سنگھ نے دفاعی شعبے میں بلجیم کی سرمایہ کاری کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ بلجیم کی کمپنیاں بھارت میں اپنے قدم جمانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں اور اپنی سپلائی چینز میں بھارتی سرمایہ کاروں کو شامل کرسکتی ہیں۔ دونوں ممالک نے ایک باقاعدہ دفاعی تعاون کے میکانزم کو تلاش کرنے سے بھی اتفاق کیا۔x

## Women Awareness Niti Aayog

بھارت میں اب زیادہ خواتین قرض لے رہی ہیں اورسرگرمی کے ساتھ اپنے کریڈٹ اسکورز کی نگرانی کر رہی ہیں۔ یہ بات نیتی آیوگ کی جانب سے ''بھارت کی مالیاتی ترقی کی داستان میں خواتین کا کردار: قرض لینے والوں سے معمار تک'' کے عنوان کے تحت جاری رپورٹ میں کہی گئی۔ رپورٹ کے مطابق 27 دسمبر 2024 تک، 27 ملین خواتین اپنے کریڈٹ کی نگرانی کر رہی تھیں، جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 42 فیصد اضافہ کے ساتھ بڑھتی ہوئی مالی بیداری کا ثبوت ہے۔ رپورٹ میں خواتین کاروباری افراد کو بااختیار بنانے میں سرمایہ تک رسائی کے اہم رول پر روشنی ڈالی گئی۔ رپورٹ میں اس بات پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ دسمبر 2024 میں خواتین کا حصہ بڑھ کر 19.43 فیصد ہوگیا جو کہ 2023 میں 17.89 فیصد تھا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ میٹرو علاقوں کی خواتین کے مقابلے میں غیر میٹرو علاقوں کی زیادہ خواتین فعال طور پر اپنے کریڈٹ کی خود نگرانی کر رہی ہیں۔ اس کی شرح بڑھ کر غیر میٹرو علاقوں میں 48 فیصد اور میٹرو علاقوں میں 30 فیصد ہوگئی ہے۔x

## Oscars 2025

لاس اینجلس میں اکیڈمی ایوارڈس کے 97ویں ایڈیشن میں ہدایتکار Sean Baker کے رومانوی مزاحیہ ڈرامے Anora نے سب سے زیادہ پانچ ایوارڈ حاصل کئے۔ ان میں بہترین فلم، بہترین ہدایتکار، بہترین اوریجنل اسکرین پلے، بہترین ایڈیٹنگ اور بہترین اداکارہ کے زمرے شامل ہیں۔ وہیں سب سے زیادہ سال کی 13 نامزدگیوں کے ساتھ فلم Emilia Perez سرفہرست رہی۔ فلم The Brutalist کیلئے اداکار Adrien Brody نے بہترین اداکار کا آسکر ایوارڈ جیتا۔ وہیں Anora کیلئے Mikey Madison نے بہترین اداکارہ کا انعام اپنے نام کیا۔ اسی طرح فلم A Real Pain کیلئے Kieran Culkin کو بہترین معاون اداکار کے آسکر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ فلم Dune پارٹ 2 نے دو بڑے انعام حاصل کئے جن میں بہترین آواز اور بہترین Visual Effects شامل ہیں۔ اکیڈمی ایوارڈز میں Wicked کے کاسٹیوم ڈیزائنر Paul Tazewell نے تاریخ رقم کی۔ انھوں نے بہترین کاسٹیوم ڈیزائن کا آسکر ایوارڈ جیتا۔ انعام جیتنے کے بعد اپنی تقریر میں 60 سالہ ڈیزائنر نے تاریخی حصولیابیوں کا اعتراف کیا اور کہا کہ انھیں اِس پر فخر ہے۔x

## Mandaviya Rohit Sharma

کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے بھارتی کرکٹ کپتان روہت شرما کے جسم کے بارے میں کانگریس اور TMC لیڈروں کی جانب سے کئے گئے تبصرے پر ان پر نکتہ چینی کی ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ اس طرح کے تبصرے اُن کھلاڑیوں کی سخت محنت اور قربانیوں کی اہمیت کو کم کرتے ہیں جو عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کرتے ہیں۔x

## ICC Champions Trophy

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں کل دبئی میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دو بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔میچ سے پہلے آج اخباری کانفرنس میں بولتے ہوئے بھارتی کپتان روہت شرما نے یقین ظاہر کیا کہ سیمی فائنل میں آسٹریلیا کے خلاف بھارت کی حکمت عملی وہی رہے گی جو گذشتہ تین میچوں میں رہی۔ روہت شرما نے مزید کہا کہ دونوں ٹیموں پر دباؤ رہے گا، تاہم جیت کو یقینی بنانے کیلئے اپنے منصوبے پر قائم رہنا ضروری ہے۔

S/B 2100 Rohit Sharma

اس سے پہلے، کل رات دبئی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو اپنے آخری لیگ میچ میں 44 رن سے ہرا دیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت گروپ اے کے سبھی تین میچ جیت کر سرفہرست ہے۔ بدھ کے روز لاہور میں دوسرے سیمی فائنل میں نیوزی لینڈ کا مقابلہ گروپ B کی فاتح جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ سیمی فائنل جیتنے والی ٹیمیں اتوار کو فائنل مقابلہ کھیلیں گی۔x

☆☆☆☆☆☆